از دفتر سینئر سول جج (ایڈمن) چارسدہ

خالی آسامیاں

دفتر سینئر سول جج (ایڈمن) چارسدہ میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں پر بھرتی کیلئے صرف چارسدہ کے ڈومیسائل کے حامل مستقل رہائشی افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام اسامی	بنیادی پے سکیل	مطلوبہ تعلیمی قابلیت اور تجربہ	تعداد	کوٹہ	عمر کی حد
1	پراسیس سرور	BPS-05	کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (SSC/Matric) یا مساوی تعلیم۔	03	اوپن میرٹ	18-35 سال

درخواست دینے کا طریقہ کار:

1. دلچسپی رکھنے والے تمام امیدواروں کے لیے لازم ہو گا کہ وہ ETEA کی ویب سائٹ (www.etea.edu.pk) پر اپنی پروفائل بنائیں۔ پروفائل بنانے کے بعد آسامی کے لیے درخواست دینے اور فیس جمع کروانے سے قبل ETEA کی ویب سائٹ سے E-Sahulat ٹوکن پرنٹ کریں اور اپنے شناختی کارڈ نمبر کی کسی بھی NADRA E-Sahulat فرنچائز (کیوسک) سے تصدیق کروائیں۔ اس تصدیق کے بغیر درخواست جمع کروانا ممکن نہیں ہو گا۔
2. آن لائن درخواست فارم یکم دسمبر (01.12.2026) سے ETEA کی ویب سائٹ (www.etea.edu.pk) پر دستیاب ہو گا۔ امیدوار مذکورہ ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن درخواست جمع کروائیں۔
3. آن لائن درخواست کامیابی سے جمع کروانے کے بعد ایک مخصوص ڈپازٹ سلپ جاری کی جائے گی، جس پر ٹوکن نمبر، پراجیکٹ کوڈ اور امیدوار کی ذاتی معلومات درج ہوں گی۔
4. امیدوار ڈپازٹ سلپ کا پرنٹ حاصل کر کے مقررہ ٹیسٹ فیس (ناقابلِ واپسی) OneLink کے ذریعے جمع کروائیں۔
5. فیس جمع کروانے کے بعد بینک کی مہر شدہ اصل ڈپازٹ سلپ (امیدوار کی کاپی) اپنے پاس محفوظ رکھیں اور کسی دوسرے شخص کے ساتھ شیئر نہ کریں۔
6. آن لائن درخواست جمع کروانے کے بعد ابتدائی طور پر دستاویزات ETEA کے دفتر ارسال نہ کریں۔ ETEA ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواروں سے ضرورت کے وقت دستاویزات طلب کی جائیں گی۔
7. آن لائن درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 31.12.2026 مقرر ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
8. نامکمل درخواستیں یا جعلی دستاویزات / غلط معلومات کے ساتھ جمع کروائی گئی درخواستیں کسی بھی مرحلے پر مسترد کر دی جائیں گی۔
9. امیدواروں کو ETEA کی جانب سے SMS کے ذریعے اطلاع دی جائے گی کہ وہ ETEA کی ویب سائٹ سے اپنی رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ کر کے پرنٹ حاصل کریں۔ امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پورٹڈ / کنورٹڈ موبائل نمبر فراہم نہ کریں۔

10. ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور مقام رول نمبر سلپ پر درج ہوگا۔ اسکریننگ ٹیسٹ کے لیے کوئی علیحدہ کال لیٹر بذریعہ ڈاک یا کوریئر جاری نہیں کیا جائے گا۔
11. ETEA اسکریننگ ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کو بعد ازاں اہلیت کے معیار کے مطابق مزید جانچ پڑتال کے عمل سے گزارا جائے گا۔

شرائط وضوابط

1. امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس اشتہار میں درج آخری تاریخ تک ہر لحاظ سے اہل ہوں۔
2. امیدواروں کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر انہیں عارضی طور پر ETEA اسکریننگ ٹیسٹ میں شرکت کی اجازت دی جائے گی۔ تاہم، تفصیلی جانچ پڑتال متعلقہ تقرری اتھارٹی کی جانب سے کی جائے گی۔ اگر کسی بھی مرحلے پر کوئی امیدوار کسی بھی لحاظ سے نااہل پایا گیا تو اسے متعلقہ تقرری اتھارٹی کی جانب سے نااہل قرار دیا جائے گا۔
3. مذکورہ آسامی کے لیے عمر کی حد یکم جنوری 2027 (01.01.2027) تک شمار کی جائے گی۔ تاہم، عمر کی بالائی حد میں توسیع مروجہ قواعد کے مطابق دی جاسکتی ہے۔
4. ETEA اسکریننگ ٹیسٹ میں شارٹ لسٹ ہونے والے امیدواروں کے تحریری امتحان اور انٹرویو کی تاریخوں کا تعین بعد میں کیا جائے گا، جس کے متعلق اطلاع دفتر ہذا کی ویب سائٹ پر فراہم کی جائے گی۔
5. انٹرویو کے وقت اصل اسناد پیش کرنا لازمی ہوگا۔ سرکاری / نیم سرکاری اداروں میں کام کرنے والے امیدوار اپنے متعلقہ ادارے کے ذریعے درخواست دیں گے اور تقرری سے قبل متعلقہ اتھارٹی سے این او سی (NOC) فراہم کریں گے۔
6. مجاز اتھارٹی کو معقول وجوہات کی بنا پر آسامیوں کی تعداد میں اضافہ، کمی یا اشتہار میں تصحیح کرنے کا حق حاصل ہوگا۔
7. ٹیسٹ اور انٹرویو کے لیے امیدواروں کو کسی قسم کا سفری یا یومیہ الاؤنس (TA/DA) نہیں دیا جائے گا۔
8. غیر ملکی تعلیمی اسناد کی صورت میں ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے مساوی سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہوگا۔
9. تقرری کے بعد تنخواہ اور دیگر الاؤنسز قانون کے مطابق دیے جائیں گے۔
10. مذکورہ آسامیوں پر بھرتی کے نتیجے میں تعینات ہونے والے امیدواروں کی تقرری کی نوعیت معزز پشاور ہائی کورٹ اور حکومت خیبر پختونخوا کے وقتاً فوقتاً جاری کردہ احکامات، ہدایات اور قواعد وضوابط کے مطابق متعین ہوگی۔
11. خواتین، معذور افراد اور اقلیتوں کے لیے مروجہ قواعد کے تحت کوٹہ قابلِ اطلاق ہوگا، تاہم فی الحال اس بھرتی کے عمل میں ان کوٹوں کے تحت کوئی خالی آسامی دستیاب نہیں ہے۔

سینئر سول جج ایڈمن، چارسدہ
(بمقام جوڈیشل کمپلیکس مردان روڈ، چارسدہ)